# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 04 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۴؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں صدرِ جمہوریہ کے خطبے کے شکریہ کی تحریک پر مباحثے کا آغاز۔

☆ ریلوے بجٹ میں مہاراشٹر کیلئے 23 ہزار 778 کروڑ روپئے؛ 2014 کے بعد ایک ہی برس میں 20 گنا فنڈ مختص۔

☆ ریاست میں ایک لاکھ 94 ہزار اسپیشل ایگزیکیٹو افسران تعینات ہوں گے۔

اور۔۔۔☆ 38 ویں قومی کھیلوں میں 15 طلائی تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر تیسرے نمبر پر۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں صدرِ جمہوریہ کے خطبے کے شکریے کی تحریک پر کل مباحثے کا آغاز ہوا۔ لوک سبھا میں بی جے پی کے رام ویر سنگھ بدھوڑی نے اور راجیہ سبھا میں بی جے پی کے کِرن چودھری نے بحث کا آغاز کیا۔ اس بحث کے دوران قائدِ حزبِ اختلاف ملک ارجن کھرگے کے کمبھ میلے میں پیش آئے بھگدڑ کے واقعات میں ہلاک ہونے والے افراد سے متعلق بیان پر برسرِ اقتدار جماعت کے ارکان نے اعتراض کیا۔ جس پر راجیہ سبھا چیئرمن نے بھی انھیں یہ بیان واپس لینے کی ہدایت کی۔ ترنمول کانگریس کے ڈیرک او بیرائن' ڈی ایم کے' کے ایم شن مُگم اور شیوسینا کے ملند دیورا نے بھی اس بحث میں حصہ لیا۔

لوک سبھا میں بی جے پی کے روی شنکر پرساد' ڈی ایم کے کی کنی موڑی' ترنمول کانگریس کے کاکولی گھوش' سماج وادی پارٹی کے نریش پٹیل' شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے اروند ساونت' راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے ڈاکٹر امول کولہے' شیوسینا کے شری رنگ بارنے کے علاوہ قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی نے اس بحث میں حصہ لیا۔ اُمورِ خارجہ کے وزیر کے دورۂ امریکہ سے متعلق راہل گاندھی کے بیان پر پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رِجیجو سمیت حکمراں محاذ کے ارکان نے اعتراض اٹھایا۔ وزیرِ خارجہ ایس جے شنکر نے بھی راہل گاندھی کے بیان پر وضاحت کی۔

***** ***** *****

تریبھون امدادِ باہمی یونیورسٹی بل 2025 کل لوک سبھا میں پیش کیا گیا۔ گجرات کے شہر آنند میں یہ یونیورسٹی قائم کی جائیگی۔ امدادِ باہمی کے ذریعے خوشحالی کا ہدف حاصل کرنے کی غرض سے قائم ہونے والی اس یونیورسٹی میں مینجمنٹ اور تکنیکی تعلیم دی جائے گی۔ مرکزی وزیرِ مملکت برائے امدادِ باہمی کرشن پال گرجر نے یہ بل ایوان میں پیش کیا۔

***** ***** *****

اس بار کے سالانہ بجٹ میں ریلوے کیلئے دو لاکھ 52 ہزار 200 کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ وزیرِ ریلوے اشونی ویشنو نے کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ اس میں نئی ریلوے لائنوں کیلئے 32 ہزار 235 کروڑ روپئے‘ راہداریوں کی تجدید کیلئے 22 ہزار 800 کروڑ اور دوہری ریلوے لائن ڈالنے کیلئے 32 ہزار کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ ملک بھر میں 16 ہزار 240 کروڑ روپئے کے نئی ریلوے راہداریوں کے کام جاری ہیں۔ رواں مالی سال میں 50 نئی نمو بھارت ٹرینیں‘ 100 نئی امرت بھارت ریل گاڑیاں اور 200 نئی وندے بھارت گاڑیاں شروع کرنے کی تجویز ہے۔ مہاراشٹر کیلئے ریل بجٹ میں 23 ہزار 778 کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ اشونی ویشنو نے بتایا:

*”چار لاکھ 60 ہزار کروڑ کے نئے بجٹ سینکشن ہوئے ہیں۔ مہاراشٹر کا ایلوکیشن اس بار ریکارڈ ایلوکیشن ہے۔ 23 ہزار 778 کروڑ روپئے کا ایلوکیشن ہے۔ مہاراشٹر میں کام بہت تیزی سے چل رہا ہے۔“*

دریں اثناء‘ مہاراشٹر کے ریلوے منصوبوں کیلئے بجٹ میں رکھی گئی گنجائشوں پر وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے وزیرِ اعظم نریندر مودی اور وزیرِ ریلوے اشونی ویشنو کا شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم آواس یوجنا‘ شہری آواس یوجنا اور جل جیون مشن کے کاموں کو تیز کرنے‘ نیز آیوشمان کارڈ کی تقسیم میں موجود نقائص کو دور کرکے کارڈ کی تقسیم کا کام مکمل کرنے کا حکم وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے دیا ہے۔ وہ کل ممبئی میں مرکز اور ریاستی حکومتوں کی مختلف اسکیموں کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ دریں اثناء‘ مٹی اور پانی کے تحفظ کے محکمے نے وزیرِ اعلیٰ کی موجودگی میں مختلف کمپنیوں اور اداروں کے ساتھ تین معاہدے کیے۔ ان میں نام فاؤنڈیشن‘ ٹاٹا موٹرس اور بھارتیہ جین سنگھٹنا نے حصہ لیا۔ ان اسکیموں کے تحت ریاست کے 23 اضلاع میں کم از کم ایک ہزار آبی ذخائر کا تلچھٹ صاف کرکے ان کے آبی ذخیرے کی استعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے ہدایت کی ہے کہ زرعی شعبے میں مصنوعی ذہانت یعنی آرٹیفیشیل انٹیلیجنس کے استعمال کے امکانات کا جائزہ لیا جائے۔ اس خصوص میں منترالیہ میں منعقدہ اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ فصلوں کی صحت کا تجزیہ‘ مٹی میں کاربن کے تناسب کا پتہ لگانا‘ مٹی کی صحت کا تفصیلی جائزہ‘ کیڑوں اور پودوں کی بیماریوں کا پتہ لگانا‘ مصنوعی ذہانت کے استعمال سے ممکن ہوسکے گا۔ اجیت پوار نے یہ بھی ہدایت کی کہ کاروباری بنیاد پر AI کے استعمال کیلئے تکنیکی اور مالی امکانات کا جائزہ لیا جائے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی انتخابی کمیٹی کے سربراہ اور وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کُڑے نے کہا ہے کہ ہر 500 رائے دہندگان کیلئے ایک اسپیشل ایگزیکٹیو آفیسر کے تناسب سے ریاست بھر میں ایک لاکھ 94 ہزار اسپیشل ایگزیکٹیو افسران کو تعینات کیا جائے گا۔ اس ضمن میں ترمیم شدہ سرکاری فیصلہ کل جاری کیا گیا۔ فیصلے میں بتایا گیا کہ ہر جگہ 33 فیصد خواتین کی تقرری کی جائیگی۔ اس عہدے پر فائز شخص کی مدتِ کار پانچ برس ہوگی اور ان عہدیداروں کو گرام سبھاؤں میں خصوصی طور پر مدعو کیا جائے گا۔

***** ***** *****

خواتین واطفال کی بہبود کی وزیر آدیتی تٹکرے نے حکم دیا ہے کہ خواتین کو صنعتی شعبے میں فعال اور مستحکم بنانے کیلئے تعلقہ سطحوں پر اسمتا بھون تعمیر کرنے کے عمل کو تیز کیا جائے۔کل اس ضمن میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے وہ خطاب کررہی تھیں۔خواتین کے اقتصادی ترقیاتی کارپوریشن کے 50ویں یوم ِ تاسیس پر انھوں نے کارپوریشن کے زیرِ انصرام ایک فیسٹیول منعقد کرنے کی ہدایت کی،جس کے ذریعے کارپوریشن کے تحت کام کرنے والے بچت گروپوں کو پلیٹ فارم مہیا ہوسکے گا اور کارپوریشن کے کاموں کو دیہی علاقوں تک بھی پہنچایا جاسکے گا۔

**** **** *****

ہندوستانی نژاد امریکی گلوکارہ چندریکا ٹنڈن نے اپنے البم ’’تریوینی‘‘ کیلئے گرامی ایوارڈ جیت لیا ہے۔کل امریکہ کے لاس اینجلس میں 67ویں سالانہ گرامی ایوارڈز تقریب منعقد ہوئی۔وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایوارڈ جیتنے پر چندریکا ٹنڈن کو مبارکباد پیش کی ہے۔

**** **** *****

مسلسل دوسری بار 19 برس سے کم عمر کھلاڑیوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ جیتنے پر بھارتی خواتین کی ٹیم کو انڈین کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے پانچ کروڑ روپئے انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ ہندوستانی لڑکیوں کی ٹیم نے 2023 میں پہلی بار شیفالی ورما کی قیادت میں اور اب نکی پرساد کی قیادت میں دوسری بار عالمی کپ اپنے نام کیا ہے۔

**** **** *****

38ویں قومی کھیلوں میں مہاراشٹر نے 15 طلائی تمغوں کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کررکھی ہے۔تاہم 26 نقرئی اور 20 کانسے کے تمغے جیت کر مہاراشٹر نے سب سے زیادہ 61 تمغے حاصل کیے ہیں۔مسلح افواج کی ٹیم نے 22 اور کرناٹک نے 19 طلائی تمغے جیتے ہیں۔منی پور 11 طلائی تمغوں کے ساتھ چوتھے اور مدھیہ پردیش 10 طلائی تمغوں کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔

**** **** *****

مہاراشٹر کُشتی فیڈریشن نے پہلوان مہندر گائیکواڑ اور شیوراج راکشے پر تین برس کی پابندی عائد کردی ہے۔ان دونوں پہلوانوں نے مہاراشٹر کیسری مقابلوں میں امپائروں کے ساتھ قابلِ اعتراض رویہ اختیار کیا تھا،جس پر ان کے خلاف یہ کارروائی کی گئی۔ یہ اطلاع مہاراشٹر کُشتی فیڈریشن کے سربراہ رام داس کدم نے دی۔

**** **** *****

بارہویں جماعت کے امتحانات 11 فروری سے اور دہم جماعت کے امتحانات 21 فروری سے شروع ہورہے ہیں۔ان دونوں امتحانات کو نقل سے پاک بنانے کیلئے لاتور ضلع انتظامیہ نے پوری تیاری کرلی ہے۔ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے کل ان تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا اور امتحانات کو نقل سے پاک رکھنے کیلئے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔

**** **** *****

گیارہواں گووند ایوارڈ بزرگ موسیقی استاد وِیدوشی سیتا بھابھی رام موہن راؤ کو دیا جائے گا۔ 11 ہزار روپئے نقد اور شال پر مشتمل یہ ایوارڈ 28 مارچ کو چھترپتی سمبھا جی نگر میں گووند دیشپانڈے کی برسی کے موقع پر دیا جائے گا۔سیتا بھابھی گذشتہ سات دہائیوں سے موسیقی کی دنیا میں کام کررہی ہیں۔

**** **** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں صدرِ جمہوریہ کے خطبے کے شکریہ کی تحریک پر مباحثے کا آغاز۔

☆ ریلوے بجٹ میں مہاراشٹر کیلئے 23 ہزار 778 کروڑ روپئے؛ 2014 کے بعد ایک ہی برس میں 20 گنا فنڈ مختص۔

☆ ریاست میں ایک لاکھ 94 ہزار اسپیشل ایگزیکیٹو افسران تعینات ہوں گے۔

اور۔۔۔☆ 38 ویں قومی کھیلوں میں 15 طلائی تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر تیسرے نمبر پر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****